## از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بیٹنی، لکی مروت

## شرائط بابت ٹھیکہ جات برائے مالی سال 2026-27

1. بحوالہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی خیبر پختونخوا۔ لوکل کونسل بورڈ پشاور AOII/LCB/6-11/2026 ٹی ایم اے بیٹنی اپنے دو ٹھیکہ جات (انٹری فیس اور کنزرویننسی فیس) برائے مالی سال 2026-27 (یکم جولائی 2026 سے 30 جون 2027 تک) حکومتی پالیسی کے مطابق آن لائن سسٹم کے ذریعے نیلام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند ٹھیکیداران حضرات درجہ ذیل ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر کھلی بولی میں درجہ ذیل شرائط کے تحت حصہ لے سکتے ہیں۔

1. صرف وہ ٹھیکیدار شرکت کے اہل ہوں گے جو لوکل کونسل بورڈ خیبر پختون خوا، پشاور کے پاس مقررہ کیٹگری میں رجسٹرڈ ہوں۔
2. آن لائن کھلی بولی میں حصہ لینے سے قبل ہر ٹھیکیدار کو گزشتہ سال کی کل آمدنی کے 5 فیصد کے برابر بیعانہ (Earnest Money) جمع کرانا ہوگا۔ کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے بیٹنی بنوانا ہوگا اور بولی کے پہلے دن ہی اس کی تفصیل محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا پشاور کی مذکورہ بالا ویب سائٹ پر انٹر اور درج کر کے بولی میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا نیز ہر ٹھیکہ کیلئے علیحدہ علیحدہ کال ڈیپازٹ بنوا کر انٹر کرنا ہوگا۔ ناکام بولی دہندگان کو یہ رقم نیلامی مکمل ہونے کے 7 دن کے اندر واپس کر دی جائے گی۔
3. آن لائن کھلی بولی کے مقررہ وقت کے ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ اگلے تین دن کے اندر دفتری اوقات میں 5 فیصد سیکورٹی بشمول اصل کال ڈیپازٹ جو کہ اس نے بولی میں حصہ لینے سے قبل ویب سائٹ پر انٹر کی ہوگی اور 15 فیصد ایڈوانس رقم بمعہ مصدقہ کاپی رجسٹریشن و شناختی کارڈ دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا، ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائیگی اور جمع شدہ 5 فیصد سیکورٹی/کال ڈیپازٹ بحق TMA بیٹنی ضبط کی جائیگی اور ٹھیکیدار/فرم کا لائسنس بلیک لسٹنگ اور مزید قانونی کاروائی کیلئے صوبائی حکومت کو لیٹر بھیجا جائیگا۔
4. کامیاب بولی دہندہ کو 'عارضی ایوارڈی' تصور کیا جائے گا۔ متعلقہ TMA کو 7 دن کے اندر معاہدے کی دستاویز (Agreement Deed) سمیت تمام کارروائی مکمل کرنی ہوگی۔

2. یہ کہ ویب سائٹ پر درج کی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیل غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔
3. یہ کہ سالانہ فیس/ٹیکس کی وصولی پر مشتمل ٹھیکہ جات کے لئے ٹھیکیدار 50 فیصد ایڈوانس میں جمع کرانے کا پابند ہوگا اور بقایا 50 فیصد اسی مالی سال کے اندر اندر تین مساوی اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔
4. یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایادار ٹھیکیدار/فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر بعد از E-Auction بولی کامیاب دہندہ مقرر ثابت ہوا تو اس کی بولی منسوخ اور زر بیعانہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بیٹنی ضبط ہوگا۔
5. اور یہ کہ کامیاب بولی دہندہ دو ایسے افراد کو بطور ضامن پیش کریگا جن کے پاس ٹھیکہ کی رقم کے مساوی غیر منقولہ جائیداد ہو اور جس کی تصدیق متعلقہ فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے کی گئی ہو۔
6. اور یہ کہ بولی میں حصہ لینے والے ٹھیکیداران KPPRA رولز کے مطابق KPPRA خیبر پختونخوا سے رجسٹرڈ ہوں۔
7. تمام کامیاب بولی دہندگان صوبائی و وفاقی حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ احکامات و پالیسی گائیڈ لائن کے پابند ہونگے۔ اور قابل اطلاق وفاقی اور صوبائی ٹیکسز، ڈیوٹیز اور لیویز ٹھیکیدار ادا کریگا۔
8. ٹھیکے کی رقم میں کسی قسم کی رعایت، کمی یا معافی کی اجازت نہیں ہوگی۔
9. عوامی آگاہی اور شفافیت کے لیے منظور شدہ ریٹ لسٹ (Schedule of Rates) تمام کلیکشن پوائنٹس پر نمایاں طور پر آویزاں کی جائے گی۔

CamScanner

10. اگر ٹھیکیدار منظور شدہ ریٹ سے زیادہ وصولی کرے گا، تو اسے زائد وصول کی گئی رقم کا گیارہ (11) گنا جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

11. متعلقہ مقامات پر شکایت / تجویز باکس لگائے جائیں گے اور شکایات کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جائے گا۔

12. اور یہ کہ ٹھیکہ کی رقم کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ کی طرف سے لاگو شدہ انکم ٹیکس شق نمبر A 236 فنانس ایکٹ 2018 کے تحت کامیاب بولی دہندہ کی رقم کے علاوہ 20 فیصد (Non-Filer) اور 10 فیصد (Filer) علیحدہ سے جمع کرانے کا پابند ہوگا اور اگر دورانِ ٹھیکہ صوبائی حکومت کی طرف سے کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ ٹھیکیدار اسی شرح کے مطابق ٹیکس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

13. اور یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ اس وقت تک نہیں دیا جائیگا جب تک اس نے کل رقم ٹھیکہ کا زر بیعنگی اور زرِ ضمانت داخل خزانہ ٹی ایم اے بیٹنی نہ کیا ہو۔

14. اور یہ کہ ٹھیکیدار ماہانہ قسط/اقساط ہر مہینے کی پانچ تاریخ یا اس سے پہلے جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور تاخیر کے نتیجے میں دس دن تک 2% بطور جرمانہ ہوگا جس کے بعد تین لگاتار نوٹس جاری کئے جائینگے، عدم تعمیل کی وجہ سے اس مہینے کی پندرہ تاریخ تک ٹھیکہ کی منسوخی ہو سکتی ہے۔

15. کسی بھی نادہندہ (Defaulter) فرم یا ٹھیکیدار کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

16. اور یہ کہ ٹھیکیدار ٹھیکہ کو نہ تو sublet ٹرانسفر یا تفویض نہیں کریگا۔ ٹھیکہ کو واپس کرنے یا جاری نہ رکھنے کی صورت میں ٹھیکہ کو ٹھیکیدار سے کل رقم کی 10% اپنے risk & cost کے طور پر کاٹ دیا جائیگا۔

17. یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط و ضوابط کا پابند ہوگا۔ اور کسی بھی تنازع کی صورت میں متعلقہ RMO فیصلہ کریگا، جو حتمی ہوگا۔

18. یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر کسی ایک یا تمام بولیاں مسترد کردے۔ نیز دیگر تفصیلات و شرائط و ضوابط اور شیڈول وغیرہ بابت ٹھیکہ جات دفتری اوقات میں TOR برانچ TMA بیٹنی سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر، ٹی ایم اے بیٹنی

المشتہر: اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ / ٹی او (آر)، ٹی ایم اے بیٹنی

CS CamScanner